سوال

(810)مغرب کی نماز سے پہلے دو نفل پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مغرب کی نماز سے پہلے دو نفل پڑھے جاتے ہیں اگر سنت ہے تو حدیث کا مکمل حوالہ دے کر لکھیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مغرب کی نماز سے پہلے دو رکعت نفل پڑھنا سنت سے ثابت ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے۔

'صَلُّوا قبلَ صَلَاةِ المَغرِبِ' (صحیح البخاری، بابُ الصَّلَاةِ قَبلَ المَغرِبِ)

اور ابوداؤد کی روایت میں ہے:

'صَلُّوا قَبلَ المَغرِبِ رَکعَتَین' (سنن أبی داوٗد، بابُ الصَّلَاةِ قَبلَ المَغرِبِ، رقم: ۱۲۸۱، بحوالہ فتح الباری: ۳/۵۹) (الاعتصام، لاہور: ٦ دسمبر ۱۹۹٦ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰة: صفحہ: 689

محدث فتویٰ